کمپوزنگ اور پروف ریڈنگ پر مناسب توجہ نہیں دی گئی اس لئے کتاب میں بے شمار اغلاط ہیں۔ آیاتِ قرآنی میں جگہ جگہ غلطیاں ہیں جو قاری کی طبیعت پر گراں گزرتی ہیں۔

## (۴)

| | | |
|---|---|---|
| نام مجلّہ | : | الفرید (سہ ماہی) |
| مدیر مسئول | : | مولانا حسین احمد صدیقی |
| سرپرست | : | مفتی اعظم حضرت مولانا محمد فرید دامت برکاتہٗ |
| سالانہ چندہ | : | 60روپے |
| ملنے کا پتہ | : | دارالعلوم صدیقیہ، زروبی، ضلع صوابی، سرحد پاکستان |

© rasailojaraid.com

مجلہ الفرید دارالعلوم صدیقیہ زروبی ضلع صوابی سے شائع ہونے والا سہ ماہی مجلّہ ہے۔ دارالعلوم صدیقیہ ایک معروف دینی ادارہ ہے جہاں علوم اسلامیہ کی تعلیم و تدریس کا معیاری انتظام ہے اور بلند پایہ علماء شیخ الحدیث مفتی اعظم مولانا محمد فرید صاحب کی زیر سرپرستی طلبہ کو قرآن، حدیث، فقہ اور دیگر علوم کی تعلیم دیتے ہیں۔

الفرید ایک معیاری رسالہ ہے جس میں تبلیغی، اصلاحی اور تحقیقی مضامین شائع ہوتے ہیں۔ مسلکی اعتبار سے یہ دیوبند مکتب فکر کا ترجمان ہے۔ رسالے کی کمپوزنگ کو معیاری اور خوبصورت بنانے کی ضرورت ہے۔ اس سارے کام میں موجودہ دور کے تقاضوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال انتہائی ضروری ہے تاکہ رسالہ معنوی حسن کے ساتھ ساتھ حسن ظاہری سے بھی مالا مال ہو اور اس کی قوت تاثیر دوبالا ہو جائے اور اس کی افادیت کا دائرہ مزید وسیع ہو سکے۔ میرے سامنے اس وقت الفرید مئی تا جولائی 2001ء کا شمارہ ہے جس کی کمپوزنگ اور پروف ریڈنگ میں تساہل نمایاں نظر آتا ہے۔

قرآن حکیم کی مقدس آیات اور احادیث نبوی آپ کی دینی معلومات میں اضافے اور تبلیغ کے لئے شائع کی جاتی ہیں۔ ان کا احترام آپ پر فرض ہے۔ لہٰذا جن صفحات پر یہ آیات درج ہیں ان کو صحیح اسلامی طریقے کے مطابق بے حرمتی سے محفوظ رکھیں۔

© rasailojaraid.com